Social Security Scotland
Tèarainteachd Shòisealta Alba

# پینشن کی عمر کی سردیوں کی حرارتی ادائیگی (پینشن ایج ونٹر ہیٹنگ پیمنٹ)

**پینشن کی عمر کی سردیوں کی حرارتی ادائیگی (پینشن ایج ونٹر حرارتی پیمنٹ) کیا ہے؟**

پینشن کی عمر کی سردیوں کی حرارتی ادائیگی (پینشن ایج ونٹر ہیٹنگ پیمنٹ) ایک سالانہ ادائیگی ہے جو پینشن کی عمر کے افراد کو اپنے حرارتی بل ادا کرنے میں مدد دینے کے لیے دی جاتی ہے۔

یہ اسکاٹ لینڈ میں محکمۂ کام اور پینشنز (ڈیپارٹمنٹ فار ورک اینڈ پینشنز) (DWP) کی ونٹر فیول ادائیگی (ونٹر فیول پیمنٹ) کی جگہ لے رہی ہے۔

**یہ ادائیگی کس کو ملے گی؟**

اسکاٹ لینڈ میں ریاستی پینشن حاصل کرنے والے وہ افراد جن کی پیدائش 21 ستمبر 1959 یا اس سے پہلے ہوئی ہو، انہیں سرما 2025/2026 میں یہ ادائیگی ملے گی۔

اگر ان کی قابل ٹیکس آمدنی £35,000 سے زیادہ ہے تو ہز میجسٹیز ریونیو اینڈ کسٹمز (HMRC) ٹیکس سسٹم کے ذریعے ادائیگی واپس لے گا۔

**کیا لوگوں کو درخواست دینی ہوتی ہے؟**

زیادہ تر لوگوں کو یہ رقم خود بخود ادا کی جائے گی اور انہیں درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

**ادائیگی کی رقم کتنی ہے؟**

لوگوں کو £101.70 سے £305.10 کے درمیان رقم ملے گی، جو ان کے حالات پر منحصر ہوگی، اہل قرار دیے گئے ہفتے (15 سے 21 ستمبر 2025) کے دوران۔

**ادائیگی کیسے اور کب کی جاتی ہے؟**

زیادہ تر لوگوں کو کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی اور انہیں یہ رقم خود بخود اسی اکاؤنٹ میں ملے گی جس میں ان کی ریاستی پینشن یا سوشل سیکیورٹی اسکاٹ لینڈ کی ادائیگیاں آتی ہیں۔

ادائیگیاں نومبر 2025 سے شروع ہوں گی اور پورے سرما کے دوران جاری رہیں گی۔

وہ لوگ جو ریاستی پینشن کی عمر سے زیادہ ہیں اور جن کی قابلِ ٹیکس آمدنی £35,000 سے زیادہ ہے، انہیں بھی یہ رقم ملے گی۔ تاہم، یہ رقم بعد میں ہز میجسٹی ریونیو اینڈ کسٹمز (HMRC) کے ذریعے واپس لے لی جائے گی۔

**HMRC لوگوں کی سالانہ آمدنی کا حساب کیسے کرے گا؟**

£35,000 کی سالانہ آمدنی کی حد میں قابلِ ٹیکس آمدنی شامل ہوگی۔ مثلاً: ریاستی پینشن، نجی پینشنز، ملازمت سے آمدنی، اور غیر آئی ایس اے (ISA) بچت یا سرمایہ کاری۔

لوگ آن لائن ٹول mygov.scot/pensionheating پر جا کر یہ جانچ سکتے ہیں کہ ان کی آمدنی اس حد سے زیادہ ہے یا نہیں، اور HMRC اسے کس طرح واپس لے گا۔

**HMRC £35,000 سے زیادہ آمدنی والے افراد سے پینشن عمر کی سردیوں کی حرارتی ادائیگی (پینشن ایج ونٹر حرارتی پیمنٹ) کب واپس لے گا؟**

HMRC مزید معلومات کے ساتھ لوگوں کو خط لکھے گا۔ یہ رقم ٹیکس کوڈ کے ذریعے پی اے وائی ای (PAYE) نظام کے تحت واپس لی جائے گی۔ وہ لوگ جو خود تشخیصی نظام (سیلف اسیسمنٹ) استعمال کرتے ہیں، انہیں اپنے ٹیکس ریٹرن میں پینشن عمر کی سردیوں کی حرارتی ادائیگی (پینشن ایج ونٹر حرارتی پیمنٹ) کو آمدنی کے طور پر شامل کرنا ہوگا۔

**کیا لوگ یہ ادائیگی حاصل کرنے سے انکار کر سکتے ہیں؟**

جی ہاں۔ لوگ آئندہ تمام پینشن کی عمر کی سردیوں کی حرارتی ادائیگیوں (پینشن ایج ونٹر حرارتی پیمنٹس) کو نہ لینے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ یہ جاننے کے لیے کہ کیسے انکار کیا جا سکتا ہے، ویب سائٹ mygov.scot/pensionheating ملاحظہ کریں۔

**کیا یہ ادائیگی حاصل کرنے سے دوسر ے بینیفٹس پر اثر پڑے گا؟**

نہیں۔ پینشن کی عمر کی سردیوں کی حرارتی ادائیگی (پینشن ایج ونٹر ہیٹنگ پیمنٹ) حاصل کرنے سے کسی اور بینیفٹ یعنی مالی وظیفے یا ٹیکس کے حساب پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

لوگوں کو چاہیے کہ وہ اپنے حالات میں کے بارے میں محکمۂ کام اور پینشنز (ڈیپارٹمنٹ فار ورک اینڈ پینشنز) (DWP) کو اطلاع دیں، مثلاً اگر وہ کسی کیئر ہوم میں منتقل ہو جائیں یا کسی ایسے شخص کے ساتھ رہنے لگیں جو اہل ہو، تاکہ وہ درست رقم کی ادائیگی حاصل کر سکیں۔

**کن لوگوں کو یہ ادائیگی حاصل کرنے کے لیے درخواست دینا پڑ سکتی ہے؟**

لوگوں کو پینشن کی عمر کی سردیوں کی حرارتی ادائیگی (پینشن ایج ونٹر ہیٹنگ پیمنٹ) کے لیے درخواست دینا پڑ سکتی ہے اگر وہ:

- اپنی ریاستی پینشن (اسٹیٹ پینشن) کو مؤخر کر چکے ہوں،
- محکمۂ کام اور پینشنز (ڈیپارٹمنٹ فار ورک اینڈ پینشنز)، وزارتِ دفاع (منسٹری آف ڈیفنس) یا سوشل سیکیورٹی اسکاٹ لینڈ سے کوئی اور بینیفٹ یعنی مالی وظیفہ حاصل نہ کر رہے ہوں،
- یا وہ ایک جوڑے کے طور پر پینشن کریڈٹ، آمدنی پر مبنی جاب سیکرز الاؤنس (انکم بیسڈ جاب سیکرز الاؤنس)(JSA) ، آمدنی سے متعلق روزگار اور معاونت الاؤنس (انکم ریلیٹڈ ایمپلائمنٹ اینڈ سپورٹ الاؤنس)(ESA) ، انکم سپورٹ یا یونیورسل کریڈٹ حاصل کر رہے ہوں اور وہ شخص جو یہ بینیفٹ یعنی مالی وظیفہ حاصل کر رہا ہے ریاستی پینشن کی عمر سے کم ہو۔

**لوگ درخواست کیسے دے سکتے ہیں؟**

پینشن کی عمر کی سردیوں کی حرارتی ادائیگی (پینشن ایج ونٹر ہیٹنگ پیمنٹ) کے لیے درخواست دینے کے لیے لوگ سوشل سیکیورٹی اسکاٹ لینڈ کو مفت نمبر 0800 182 2222 پر کال کر کے فون پر درخواست دے سکتے ہیں، یا کاغذی فارم منگوانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

سرما 2025/2026 کے لیے درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ 31 مارچ 2026 ہے۔

## لوگوں کو کتنی رقم ملنے کا امکان ہے؟

| گھر میں کون رہتا ہے؟ | ان کی عمر کتنی ہے؟ | انہیں کتنی رقم ملے گی؟ |
|---|---|---|
| ایک شخص جو ریاستی پینشن (اسٹیٹ پینشن) کی عمر سے زیادہ ہے | عمر 80 سال سے کم | £203.40 |
| | عمر 80 سال سے زیادہ | £305.10 |
| ایک سے زیادہ افراد جو ریاستی پینشن (اسٹیٹ پینشن) کی عمر سے زیادہ ہیں | دونوں کی عمر 80 سال سے کم | ہر ایک کو £101.70 |
| | دونوں کی عمر 80 سال سے زیادہ | ہر ایک کو £152.55 |
| | ایک 80 سال سے کم اور دوسرا 80 سال سے زیادہ | 80 سال سے کم عمر والا £101.70 حاصل کرے گا اور 80 سال سے زیادہ عمر والا £203.40 حاصل کرے گا۔ |
| جوڑا جو پینشن کریڈٹ (پینشن کریڈٹ) مشترکہ طور پر حاصل کر رہا ہے | دونوں کی عمر 80 سال سے کم | £203.40 ایک ہی قسط میں (ایک مُکمل رقم کے طور پر) |
| | ایک کی عمر 80 سال سے زیادہ | £305.10 ایک ہی قسط میں (ایک مُکمل رقم کے طور پر) |
| وہ فرد جو کچھ مخصوص بینیفٹس یعنی مالی وظیفے * حاصل کر رہا ہو | عمر 80 سال سے کم | £203.40، اس سے قطع نظر کہ وہ کس کے ساتھ رہتا ہے |
| | عمر 80 سال سے زیادہ | £305.10، اس سے قطع نظر کہ وہ کس کے ساتھ رہتا ہے |
| وہ فرد جو ریزیڈینشل کیئر میں رہ رہا ہے اور بینفٹس حاصل **نہیں کر رہا**۔ | عمر 80 سال سے کم | £101.70 |
| | عمر 80 سال سے زیادہ | £152.55 |
| وہ لوگ جو ریزیڈینشل کیئر میں رہتے ہیں اور بعض بینفٹس حاصل کرتے ہیں* پنشن ایج ونٹر ہیٹنگ ادائیگی کے اہل **نہیں** | | |
| * بینیفٹس میں شامل ہیں: پینشن کریڈٹ آمدنی پر مبنی جاب سیکرز الاؤنس (انکم بیسڈ جاب سیکرز الاؤنس)(JSA) ، آمدنی سے متعلق روزگار اور معاونت الاؤنس (انکم ریلیٹڈ ایمپلائمنٹ اینڈ سپورٹ الاؤنس) (ESA) ، انکم سپورٹ، اور یونیورسل کریڈٹ۔ | | |

## لوگ ہم سے کیسے رابطہ کر سکتے ہیں؟

برٹش سائن لینگویج استعمال کرنے والے:
contactscotland-bsl.org

ہمیں اس نمبر پر مفت کال کریں:
0800 182 2222

ویب چیٹ:
chat.socialsecurity.gov.scot

ٹیکسٹ ریلے سروس:
(ان کے لیے جنہیں سماعت کا مسئلہ ہو)
+18001 0300 244 4000

سوشل سیکیورٹی اسکاٹ لینڈ کو فالو کریں